سوال

(217) کوئی جاندار آج سے سو برس تک زندہ نہیں رہ سکتا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا یہ حدیث صحیح ہے کہ کوئی جاندار آج سے سو برس تک زندہ نہیں رہ سکتا۔ اگر واقعی اس کا مطلب یہی ہے تو عیسیٰؑ ارشاد نبوی کے بعد اب تک کیوں کر زندہ رہ سکتے ہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ حدیث صحیح ہے۔ مگر اس کا حضرت عیسیٰؑ کی وفات سے کوئی تعلق نہیں۔ کیونکہ اس میں حضور ﷺ نے فرمایا ہے جو جاندار آج کے دن زمین پر زندہ ہے۔ وہ آج سے سو سال تک زندہ نہ رہے گا۔ اس حدیث میں (زمین) کا لفظ موجود ہے۔ اور حضرت عیسیٰؑ تو زمین پر موجود نہیں اس لئے وہ اس میں نہ آئیں گے اور نہ آئندہ کے لئے عام قانون ہے۔ کہ کوئی شخص سو سال سے زیادہ زندگی نہ پائے گا۔ بلکہ جس روز حضور ﷺ نے فرمایا اس روز سے سو سال تک یہ حکم ہے۔ چنانچہ یہ پیش گوئی پوری ہوگئی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 395

محدث فتویٰ